# 69789 ـ كفار كا كونسا ايسا لباس ہے جو ہمارے ليے ممنوع كيا گيا ہے ؟

## سوال

رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم كے دور ميں مسلمان لباس ميں اپنے آپ كو كفار سے كيسے ممتاز كرتے تھے ؟ كيا مكہ كے كافر بھى لمبى قميص جو آج كل توب كے نام سے پہچانى جاتى ہے پہنا كرتے تھے، اس بنا پر كيا كھلا لباس اسلامى لباس شمار ہوتا ہے ؟

## پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

لباس اللہ تعالى كى نعمتوں ميں سے ايك نعمت ہے، جس سے انسان اپنا ستر چھپاتا ہے، اور گرمى و سردى سے بچتا ہے، اللہ سبحانہ و تعالى نے اس انعام اور احسان كا ذكر كرتے ہوئے فرمايا ہے:

اے بنى آدم ہم نے تمہارے ليے لباس پيدا كيا جو تمہارى شرم گاہوں كو بھى چھپاتا ہے اور موجب زينت بھى ہے، اور تقوے كا لباس يہ اس سے بڑھ كر ہے، يہ اللہ تعالى ى نشانيوں ميں سے ہے تا كہ يہ لوگ ياد ركھيں الاعراف ( 26 ).

اور ايك دوسرے مقام پر فرمان بارى تعالى اس طرح ہے:

اس نے تمہارے ليے كرتے بنائے ہيں جو تمہيں گرمى سے بچائيں، اور ايسے كرتے بھى جو تمہيں لڑائى كے وقت كام آئيں وہ اسى طرح اپنى پورى پورى نعمتيں دے رہا ہے كہ تم حكم تسليم كرنے والے بن جاؤ النحل ( 81 ).

چنانچہ لباس ميں اصل اباحت ہے، اس ليے مسلمان جو چاہے پہن سكتا ہے چاہے وہ اس نے خود تيار كيا ہو يا غير مسلموں نے، ليكن اس ميں شرط يہ ہے كہ وہ لباس شرعى شروط كے مطابق ہو، مكہ وغيرہ ميں صحابہ كرام كا يہى حال تھا، كيونكہ مسلمان ہونے والا شخص كوئى خاص لباس نہيں پہنتا تھا، اور نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم شامى جبہ اور يمنى حلہ پہنا كرتے تھے، اور اسے تيار كرنے والے مسلمان نہيں تھے، اس ليے لباس ميں شرعى شروط كا اعتبار كيا جائيگا، آپ سوال نمبر ( 36891 ) كے جواب كا مطالعہ كريں، اس ميں مردوں كے لباس كے احكام كا خلاصہ بيان كيا گيا ہے.

نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم نے ہميں عمومى طور پر كفار سے مشابہت اختيار كرنے سے منع كيا ہے چاہے وہ لباس ميں ہو يا كسى اور چيز ميں مشابہت، اسى سلسلہ ميں رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم نے فرمايا:

" جس کسی نے بھی کسی قوم سے مشابہت اختیار کی تو وہ انہی میں سے ہے "

سنن ابو داود حدیث نمبر ( 4031 ) العراقی نے احیاء العلوم الدین ( 1/ 342 ) میں اور علامہ البانی رحمہ اللہ نے ارواء الغلیل ( 5 / 109 ) میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

اور لباس میں مشابہت اختیار کرنے کی نہی اور ممانعت خاص کر آئی ہے:

عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں کہ:

" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دو زرد رنگ کے معصفر کپڑے پہنے ہوئے دیکھا تو فرمانے لگے:

یہ کفار کے کپڑوں میں سے ہیں، تم انہیں مت پہنو "

صحیح مسلم حدیث نمبر ( 2077 ).

اور امام نے عمر رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

" عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے آذربائیجان کے مسلمانوں کو خط لکھا:

تم ناز و نعمت میں پڑنے اور مشرکوں کے لباس سے اجتناب کرو "

صحیح مسلم حدیث نمبر ( 2069 ).

کفار کا وہ لباس مسلمانوں کے لیے پہننا حرام ہے جو کفار کے ساتھ مخصوص ہے، اور دوسرے نہیں پہنتے، لیکن جو لباس کفار اور مسلمان سب پہنتے ہیں اسے زیب تن کرنے میں کوئی حرج نہیں، اور نہ ہی اس میں کوئی کراہت ہے، کیونکہ وہ کفار کے ساتھ مخصوص نہیں ہے.

مستقل فتوی کمیٹی کے علماء کرام سے درج ذیل سوال دریافت کیا گیا:

کفار سے کونسی مشابہت اختیار کرنی ممنوع ہے ؟

تو کمیٹی کے علماء کرام کا جواب تھا:

" کفار سے مشابہت اختیار کرنے کی ممانعت سے مراد یہ ہے کہ ان عادات وغیرہ میں کفار کی مشابہت اختیار کرنا جو ان کے ساتھ مخصوص ہیں، اور انہوں نے دین کے عقائد اور عبادات کے امور میں بدعات جاری کر لی ہیں، مثلا داڑھی منڈانے میں کفار کی مشابہت اختیار کرنا....

رہا پتلون وغیرہ پہننے کا مسئلہ تو لباس میں اصل اباحت ہے، کیونکہ یہ عادات کے امور میں شامل ہے.

اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

{ آپ فرمائیے کہ اللہ تعالی کے پیدا کیے ہوئے اسباب زینت کو جنہیں اللہ نے اپنے بندوں کے لیے بنایا ہے اور کھانے پینے کی حلال چیزوں کو کس شخص نے حرام کیا ہے ؟

آپ کہہ دیجئے کہ یہ اشیاء اس طور پر قیامت کے روز خالصتا اہل ایمان کے لیے ہونگی، دنیوی زندگی میں مومنوں کے لیے بھی ہیں، ہم اسی طرح تمام آیات کو سمجھ داروں کے واسطے صاف صاف بیان کرتے ہیں }الاعراف ( 32 ).

اس سے وہ استثنی ہو گا جس کے حرام یا مکروہ ہونے پر شرعی دلیل دلالت کرتی ہو مثلا: مردوں کے لیے ریشمی لباس پہننا حرام ہے، اور وہ لباس جو شرمگاہ کا حجم اور وصف واضح کرتا ہو اور باریك و شفاف لباس جس کے اندر سے جسم کا رنگ نظر آتا ہو یا اتنا تنگ کے شرمگاہ کی تحدید کرتا ہو.

کیونکہ اس حالت میں یہ اسے ننگا کرنے کے حکم میں آتا ہے، اور شرمگاہ کو ننگا کرنا جائز نہیں، اور اسی طرح وہ لباس جو کفار کے ساتھ مخصوص ہیں، اور ان کی علامت ہیں ان کا بھی مسلمان مرد اور عورت کے لیے پہننا جائز نہیں.

کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار کی مشابہت اختیار کرنے سے منع فرمایا ہے.

اور اسی طرح مردوں کا عورتوں جیسا لباس پہننا بھی جائز نہیں ہے، اور عورتوں کے لیے مردوں جیسا لباس پہننا جائز نہیں، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مردوں کو عورتوں کی مشابہت اختیار کرنے سے اور عورتوں کو مردوں کی مشابہت اختیار کرنے سے منع فرمایا ہے.

پینٹ یا پتلون نامی لباس کفار کے ساتھ مخصوص نہیں، بلکہ یہ کئی ایك ممالك میں کفار اور مسلمانوں میں عام ہے، بعض ممالك میں اسے زیب تن کرنے سے نفرت اس لیے کی جاتی ہے کہ وہ اس لباس سےمالوف نہیں، اور ان کی عادت میں یہ لباس شامل نہیں ہے، اور اگرچہ یہ دوسرے مسلمانوں کی عادت کے موافق ہے، لیکن اولی اور بہتر یہی ہے کہ وہ کسی ایسے علاقے اور ملك میں ہو جہاں کے لوگ یہ لباس نہیں پہنتے تو وہ یہ لباس زیب تن کر کے نماز ادا مت کرے، اور نہ ہی عام لوگوں کے جمع ہونےوالی جگہ میں پہن کر جائے، اور نہ ہی عام راستوں پر " انتہی.

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء ( 3 / 307 - 309 ).

اور مستقل فتوی کمیٹی کے علماء کا یہ بھی کہنا ہے:

" مسلمان مرد و عورت پر واجب اور ضروری ہے کہ وہ اسلامی اخلاق و عادات کا خیال اور انہیں اپنانے کی حرص رکھیں، اور اپنی شادی بیاہ کی تقریبات اور لباس اور کھانے پینے اور زندگی کے سب معاملات میں اسلام کا منہج اختیار کرتے اور اسلامی طریقہ پر چلیں.

ان مسلمانوں کے لیے اپنے لباس میں کفار کے ساتھ مشابہت اختیار کرنا جائز نہیں، کہ وہ اتنے تنگ لباس پہنیں جو ستر ظاہر کریں، اور جسم کے اعضاء کا حجم اور اعضاء کی تحدید کریں، یا پھر اتنا باریك اور شفاف لباس مت پہنیں کہ وہ ستر پوشی کی بجائے ستر واضح کرے، یا پھر اتنا چھوٹا اور مختصر لباس بھی نہ پہنیں جوسینہ بھی نہ ڈھانپتا ہو، یا بازو ننگے ہوں، یا گردن اور سر اور چہرہ نظر آتا پھرے " انتہی.

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء ( 3 / 306 ـ 307 ).

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ سے درج ذیل سوال کیا گیا:

کفار سے مشابہت کا کا مقیاس کیا ہے ؟

شیخ رحمہ اللہ کا جواب تھا:

" مشابہت کا مقیاس یہ ہے کہ: مشابہت اختیار کرنے والی شخص وہ کام کرے جو اس شخص کے ساتھ مخصوص ہو جس سے مشابہت کی جارہی ہے، تو کفار سے مشابہت یہ ہے کہ مسلمان شخص کفار کے مخصوص کاموں میں سے کوئی مخصوص کام کرے لیکن وہ کام اور چیز جو مسلمانوں میں عام ہو چکی ہے اور پھیل گئی ہو اور کفار کا امتیاز نہ رہی ہو تو پھر مشابہت نہیں ہو گی تو یہ مشابہت کی بنا پر حرام نہیں ہو گی، مگر یہ کہ وہ کسی دوسری وجہ سے حرام نہ ہو.

ہم نے جو بات کہی ہے وہ اس کلمہ کے مدلول کا تقاضا ہے، اس کی صراحت فتح الباری میں اس طرح کی گی ہے:

بعض اہل علم نے برانڈی ( برنس ) کو ناپسند کیا ہے؛ کیونکہ یہ راہبوں کا لباس ہے، امام مالك رحمہ اللہ سے اس کےمتعلق دریافت کیا تو ان کا جواب تھا:

اس میں کوئی حرج نہیں.

انہیں کہا گیا: یہ تو عیسائیوں کا لباس ہے، تو انہوں نے جواب دیا: یہ یہاں پہنا جاتا تھا " انتہی.

دیکھیں: فتح الباری ( 10 / 272 ).

میں کہتا ہوں: اگر امام مالك رحمہ اللہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم كے درج ذیل فرمان سے استدلال كرتے تو زیادہ بہتر اور اولی تھا:

نبی كریم صلی اللہ علیہ وسلم سے جب محرم كے لباس كے متعلق دریافت كیا گیا تو آپ نےفرمایا:

" محرم شخص نہ تو قمیص پہنے اور نہ ہی سلوار اور پائجامہ اور نہ ہی برنس "

اور فتح الباری میں یہ بھی ہے:

اگر ہم یہ كہیں كہ: ریشمی بچھونے ( المیاثر الارجوان ) سے عجمیوں كے ساتھ مشابہت كی بنا پرمنع كیا گیا ہے، تو یہ دینی مصلحت ہے، لیكن یہ ان كا شعار تھا اور وہ اس وقت كافر تھے، پھر اب جبكہ ان كی علامت اور شعار نہیں رہا تو یہ معنی زائل ہو گیا تو اس طرح كراہت بھی زائل ہو گئی، واللہ تعالی اعلم "

دیكھیں: فتح الباری ( 10 / 307 ).

دیكھیں: مجموع فتاوی الشیخ ابن عثیمین ( 12 / 290 ).

اور شیخ صالح الفوزان حفظہ اللہ كہتے ہیں:

" اگر نجاست معلوم نہ ہو كفار كا لباس مباح ہے؛ كیونكہ اصل طہارت و پاكیزگی ہے؛ تو یہ شك سے زائل نہیں ہوتی، اور انہوں نے جو بنا ہے یا رنگا ہے وہ بھی مباح ہے؛ كیونكہ نبی كریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ كے صحابہ كرام كفار كے بنے اور رنگے ہوئے كپڑے پہنا كرتے تھے " انتہی.

دیكھیں: الملخص الفقھی ( 1 / 20 ).

جواب كا خلاصہ یہ ہوا كہ:

مسلمان كے لیے كفار كے ساتھ ان اشیاء میں مشابہت اختیار كرنی حرام ہے، جو ان كفار كے ساتھ مخصوص ہیں، چاہے وہ لباس ہو یا كوئی اور كام وغیرہ، لیكن جو كفار كے ساتھ خاص نہیں تو اسمیں كوئی حرج نہیں ہے.

واللہ اعلم .